CHRISTLICHER FUNDAMENTALISMUS

Urdu

# عیسائی بنیادپرستی

## مختصر میں معلومات

KURZ-INFOS

کیتھولک اورمتعلقہ مذہب کے مصلحین کے
نمائندوں اور عالمی نظریے کے سوالات کے
لئے ایک منصوبہ

Evangelische Zentralstelle
für Weltanschauungsfragen

# عیسائی بنیادپرستی

یہ کتابچہ مسیحی ایمان کی ایک انتہائی سمت "عیسائی بنیاد پرستی" پر معلومات فراہم کرتا ہے. اس سمت کی نمائندگی جرمنی کے عیسائیوں میں سے صرف ایک چھوٹی سی اقلیت کرتی ہے. معلومات کی صحیح درجہ بندی کرنے کے لئے، آپ کو جرمنی میں ادیان کے کردار کا پتہ ہونا چاہئے.
جرمنی میں دو تہائی لوگ ایک مذہبی کمیونٹی سے تعلق رکھتے ہیں. نصف آبادی دو بڑے عیسائی گرجا گھروں میں سے ایک سے تعلق رکھتی ہے : کیتھولک اور پروٹسٹنٹ چرچ. تقریبا 5 فیصد مسلمان ہیں. تقریبا تمام ان میں جرمنی کی طرف ہجرت کے ذریعے ائے ہیں.
ایک فی صد سے کم لوگ عیسائی بنیاد پرست ہیں. ان میں سے بہت سے آزاد گرجا گھروں کے رکن ہیں جن کا کسی بڑے چرچ سے کوئی تعلق نہیں ہے. ان فرقوں میں سے بہت سے اپنے عقیدے کو فروغ دینے کے لیے مہاجرین اور پناہ گزینوں کے درمیان تشہیر کرتے ہیں.

## آزادی مذہب کا مطلب ہے: بہت سے ایسے گروپوں کا اپس میں مقابلہ

جرمنی میں، مذہب کی آزادی ہے. تمام مذاہب اپنے عقیدے کی تشہیر(تبلیغ) کر سکتے ہیں اور عملی طور پر اپنے ایمان کو فروغ دے سکتے ہیں، جب تک وہ ریاستی قوانین کی پاسداری کرتے رہے. لہذا، بڑے مذاہب کے علاوہ بہت سے چھوٹے گروہ بھی پائے جاتے ہیں اور کئی عیسائی گروپ بھی. ان گروہوں میں سے کچھ اپنے ایمان اور اپنی زندگی کے بارے میں کھل کر معلومات فراہم کرتے ہیں. کئی کچھ حد تک بڑے گرجا گھروں کے ساتھ منسلک ہیں. بہر حال، اکثر دوسرے ممالک اور ثقافتوں کے لوگوں کے لئے ان کے عقائد سمجھنا آسان نہیں ہے. لیکن بعض عیسائی گروہ اپنے ماحول کے ساتھ بھی اور دیگر عسائیوں کے ساتھ بھی تنازعہ میں رہتے ہیں. کیوں؟

- وہ ان اقدار کے خلاف ہیں جو جرمنی میں رائج ہیں. مثال کے طور پر، وہ خواتین کی برابری کے خلاف

ہیں. یا وہ اس سے منع کرتے ہیں کہ ان کے اراکین آزادی سے ان کی کمیونٹی کو چھوڑ سکیں.

- عسائیت کے صیح اقیدے کے بارے میں وہ بڑے چرچوں کے ساتھ جھگڑتے ہیں بلکہ آپس میں بھی. مثال کے طور پر ان کا کہنا ہے کہ بڑے چرچ بائبل مقدس کتاب کا مطلب غلط لیتے ہیں. کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ وہ ہی صرف حقیقی مسیحی ہیں.

اس طرح کے گروہ ہمیشہ خود کے بارے میں کھل کر نہیں بتاتے. آسانی سے لوگوں کا دل جیتنے کے لئے وہ اپنے تنازعات کو چھپاتے ہیں.

## عیسائی بنیاد پرستی: یہ کیا ہے؟

عیسائی بنیاد پرستی کا بنیادی عقیدہ ہے کہ بائبل، عیسائیوں کی مقدس کتاب میں اخلاقیات، سائنس و سیاست کے تمام معاملات پر بالکل سچ جوابات ہیں.
بنیاد پرستوں کا کہنا ہے کہ وہ بائبل سے اپنے ملک کے لئے حق کی پالیسی بنا سکتے ہیں صحیح ریاستی قوانین، مناسب خاندانی زندگی کے لئے قوانین، صحیح سائنس اور وغیرہ وغیرہ.اکثر عیسائی بائبل کو صحیح نہیں سمجھتے. ان کے لئے، بائبل ان کے عقیدے کی بنیاد ہے. یہ ایک نصابی کتاب، نہیں ہے یہ ان کے لئے دنیا کے بارے میں کسی بھی سوال کا جواب ہے.
عیسائی بنیاد پرستی، ایک سیاسی تحریک ہے. کیونکہ بنیاد پرست ریاست اور معاشرے کو بائبل کے قوانین پر اور خدا کی مرضی کے مطابق ڈھلنے کی کوشش کر رہے ہیں. وہ ایک مختلف سائنس بھی چاہتے. تقریبًا سب ہی قدرتی سائنس کو رد کرتے ہیں خاص طور پر ارتقاء کے نظریے کو. مثال کے طور پر کئی بنیاد پرستوں کا یہ بھی دعوی ہے کہ انسانوں کی طرف سے ماحول میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی. بعض بنیاد پرست بچوں کو سرکاری اسکولوں میں نہیں بھجتے. ان کا خیال ہے کہ وہاں بداخلاقی سکھائی جاتی ہے.ان کے مذہبی عقائد کا وہاں احترام نہیں کیا جاتا.
جرمنی میں ریاست اور سائنس کے خلاف بنیاد پرستوں کی لڑائی کوئی اہم کردار ادا نہیں کرتی کیونکہ یہ ایک چھوٹی سی اقلیت ہے. وہ عام طور پر جارحانہ انداز پر

سامنے نہیں اتے. وہ خود کو اس ماحول سے کاٹتے ہیں جو ان کے خیال میں کافرانہ ہے. ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں، صورت حال مختلف ہے. وہاں عیسائی بنیاد پرستی سیاست میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں.

## لفظ بنیاد پرست کہاں سے ایا ہے؟

1910 سے1915 میں امریکہ میں انگریزی عنوان کے ساتھ تحریروں کا ایک سلسلہ شائع ہوا: "بنیادی تعلیمات ــ سچائی کا ثبوت". جرمن میں اس کا مطلب "بنیادیں ــ سچائی کی گواہی". یہ تحریریں قدامت پسند پروٹسٹنٹ کی طرف سے لکھی گئی جن کو مذہب کی تحلیل کا خدشہ تھا. وہ تحریریں تب لاکھوں لوگوں نے پڑھیں. تب یہ لفظ "بنیاد پرستی" کی صورت میں نکلا. لہذا، اگر غور کریں تو عیسائی بنیاد پرستی کی ابتدا اصل میں ایک "پروٹسٹنٹ بنیاد پرستی" سے ہوئی. اس شیٹ میں، ہم عام طور پر عیسائی بنیاد پرستی کی بات کریں گیں.

## بنیاد پرستی: ایک مشکل لفظ

عیسائی بنیاد پرستی کو سمجھنے کے لئے تین مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے:

- نہ صرف پروٹسٹنٹ بلکہ ہندو، مسلمان اور یہودی بھی بنیاد پرست کہلائے جاتے ہیں لیکن. اس کے برعکس، انتہا پسند کیتھولک اور آرتھوڈوکس عیسائی، جن کا وجود ہے بھی عام طور پر بنیاد پرست نہیں کہلائے جاتے. یہ بات انسان کو الجھان میں ڈال دیتی ہے. لہذا اس کتابچہ میں عیسائی بنیاد پرستی کے بارے میں واضح طور پر آگاہ کیا گیا ہے جس کی اصل امریکہ میں ہے.

- کبھی کبھی الفاظ بنیاد پرستی، جنونیت اور دہشت گردی ایسے استعمال ہوتے ہیں کہ ایک تاثر یہ ملتاہے کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ ملے ہوئے ہیں. یہ درست نہیں ہے. عیسائی بنیاد پرست اکثر ذاتی طور پر جنونی ہیں، لیکن تقریبا تمام تشدد کو مسترد کرتے ہیں. وہ دہشت گرد حملوں کا ارتکاب نہیں کرتے.

- عیسائی بنیاد پرستوں کے عقائد ایک ہیں، لیکن کوئی ایک تنظیم نہیں. ان کا چرچ نہیں، یہ ایک تحریک ہے. ان کا کوئی روحانی رہنما نہیں جس کو سب تسلیم کرتے ہوں. اس لیے کچھ گروہ بہت انتہا پسند اور کچھ کم ہیں. پروٹسٹنٹ عیسائیوں میں اعتدال پسند اور بنیاد پرست عقائد کے درمیان بہت سے منتقلیاں ہیں. کئی بنیاد پرست جرمن معاشرے میں باوجود ان کے انتہاپسند عقائد کے غیر نمایاں طور پر رہ رہے ہیں.

عیسائی بنیاد پرست رجحانات کے ساتھ تحریکیں جرمنی میں اور بین الاقوامی سطح پر بھائی بندی (ڈربیسٹن) سے ائیں. جو برطانوی جان نیلسن سے ملتی ہیں. بنیاد پرست بنیادی طور پر "بند بھائی" ہیں جن کو انگریزی میں "Exclusive Brethren" کہا جاتا ہے.
کمیونٹی کی بنیاد رکھنے کی کانفرنس (کے ایف جی) میں بھی عیسائی بنیاد پرست عقائد نمائندگی کر رہے ہیں. لیکن (کے ایف جی) صرف ایک ڈھیلی تنظیم ہے. ان کی کمیونٹیز خود مختار ہیں.

## بائبل صرف ایک اصول کی کتاب ہے؟

100 سال سے پہلے ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں عیسائی بنیاد پرستی شروع ہوئی وہاں بہت سے لوگ سمجھتے تھے، سائنس اور مناسب سوچ دین کو غیر ضروری بنا دیں گیں. بہت سے عیسائی اس کے خلاف جنگ پر تیار ہو گئے. کچھ دفاع میں ایسی تعلیم دینی شروع ہو گئے کہ بائبل اکیلے اس کا تعین کر سکتی ہے کہ کیا مناسب ہے اور کیا حقیقی سائنس ہے. 1978 کا ایک بنیاد پرست کی پالیسی کاغذ، نام نہاد. شکاگو اعلامیہ، اس وجہ سے، بائبل،کے بارے میں کہتا تھا کہ یہ ہر معاملے میں جس کی یہ تعلیم دیتا ہے " خامی یا عیب کے بغیر" ہے. یہ اس پر بھی لاگو ہوتا ہے جو یہ خدا اور یسوع مسیح کے بارے میں کہتا ہے. بلکہ "کائینات میں خدا کی کارروائیوں، دنیا کی تاریخ کے واقعات کے بارے میں" جو کہتی ہے پر بھی لاگو ہوتا ہے. چنانچہ بائبل ایک بالکل سچی تعلیم اور قاوئد کی کتاب ہے.

عیسائی جو بنیاد پرست نہیں ہیں ان کے لیے بائبل تعلیم اور قاوئد کی کتاب نہیں ہے. بائبل خدا نے کیا کیا اور آج بھی کیا کر رہا ہے کے بارے میں بتاتی ہے. سب سے بڑھ کر، یہ یسوع مسیح کی کہانی بتاتی ہے یہ بائبل. کے ساتھ ایک ظالم ہو گا اگر ہم اس کو تعلیم اور قاوئد کی کتاب بنا دیں اور اسے سائنس کے خلاف استعمال کریں. عیسائیوں کو اپنے ضمیر اور اپنی مناسب سوچ کے مطابق پالیسی، قانون اور اخلاقیات کے معاملات پر فیصلے کرنے کی آزادی ہے. سائنس میں، عیسائی دنیا کو دریافت کرنے کے لئے آزاد ہیں. غلطی سے پاک عیسائیوں کے لئے صرف خدا ہے. کوئی انسان معصوم نہیں ہے اگر وہ بائبل سے ہی کیوں اخز نہ کرے. بہت سے عیسائیوں کے لیے ان کے چرچ کی روایات کو برقرار رکھنے کی وجہ یہی ہے. ان کو اس پر اعتماد ہے کہ یہ روایات ان کے لئے بائبل کی تشریح مناسب طریقے سے کرتی ہے. وہ اکیلے اپنی ریاست کی پالیسیوں کا تعین نہیں کرنا چاہتے، اور وہ سائنس کے ساتھ بحث نہیں کرنا چاہتے.

## جرمنی میں بنیاد پرستی کے مسائل کیا ہیں؟

- بنیاد پرست عیسائی جرمنی میں لوگوں کی اکثریت سے الگ تھلگ جزوی طور پر رہتے ہیں اور دوسرے عیسائیوں کی اکثریت سے بھی.

- بنیاد پرستوں کو مختلف عقیدے کے لوگوں کے ساتھ بات چیت کرنے میں کوئی دلچسپی نہیں. ان کی دلچسپی حلقہ بندیوں میں ہے. اس طرح اکثر ان کی کمیونٹیاں دوسروں کے ساتھ رابطہ اور بات چیت کے قابل نہیں رہتیں.

- اگر رابطہ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے تو اپنے عقیدے کو فروغ دینے کی نیت سے.

- بہت سے بنیاد پرست کمیونٹیز میں تنازعات پائے جاتے ہیں کیونکہ بائبل سے ان سوالات کا جواب دینے کی کوشش کی جاتی ہے، جن کا اس کے ساتھ جواب نہیں دیا جا سکتا ہے.

- کچھ عیسائی زندگی کو ایک مقررہ حکم پر گزارنے کے لیے مبینہ طور پر بائبل کے قواعد کو اچھا سمجھتے ہیں. لیکن ذہن میں رکھیں: یہ خدا کی مرضی نہیں ہے کہ عیسائی ازاد رہتے ہیں. خدا کی مرضی یہ ہے کہ وہ تفہیم اور امن میں اہم کردار ادا کریں.

## ادمی کس طرح کا برتاؤ کرے؟

یہ جاننا ضروری ہے کہ تمام مذاہب، عوام میں سڑکوں پر تشہیر کر سکتے ہیں. اکثر انٹرنیٹ میں تشہیر کرتے ہیں. لیکن مذہبی جماتیں سیاسی پناہ گذینوں کی قیام گاہ یا ہاسٹل میں اجازت کے بغیر تشہیر نہیں کر سکتیں. اگر وہ مدعو نہیں ہیں تو وہ ذاتی کمرے یا اپارٹمنٹس میں داخل نہیں ہو سکتے. اگر ماں باپ اس کی اجازت نہیں دیتے تو. بچوں میں تشہیر نہیں کر سکتے، اگر کچھ ہوتا ہے تو آپ خود مشنریوں کے ساتھ نہیں الجھیں. جارحانہ انداز میں رد عمل کا اظہار نہ کریں. گھر یا عمارت کے ذمہ دار لوگوں کو مطلع کریں.
اگر آپ ان سے رابطہ میں کوئی دلچسپی نہیں رکھتے تو شائستگی اور مضبوطی سے ائیندہ کی ملاقات سے انکار کر دیں. آپ اگر ایک گروپ میں دلچسپی رکھتے ہیں یا آپ کو عیسائی عقیدے میں دلچسپی ہے تو، اس بات کی معلومعات حاصل کریں کہ یہ گروپ اپنے ماحول کے ساتھ ہے یا اس سے الگ تھلگ ہے یا پھر وہ اپنے ماحول میں لوگوں کے ساتھ ایک تنازعہ میں تو نہیں رہتے ہیں چاہے اچھے تعلقات ہیں یا کہ نہیں تو. نہ صرف خود گروپ پوچھیں بلکہ دوسرے عیسائیوں سےبھی پوچھیں. پروٹسٹنٹ اور کیتھولک چرچ جرمنی میں ہر جگہ قابل رسائی ہیں. مثال کے طور پر، انٹرنیٹ میں شہر کے نام کے ساتھ الفاظ "Flüchtlingshilfe" (پناہ گزین امداد) اور "evangelisch" (پروٹسٹنٹ) یا "katholisch" (کیتھولک) کا نام درج کر سکتے ہیں. اپ کو اس کا اشارہ ملے گا کہ اس شہر میں مذہبی گروہوں کے بارے میں اپ کہاں سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں.

**ناشر** اے زٹ وے سے شائع بشپ رہنماؤں کی کانفرنس
اور فرقوں پر نمائندے کی کانفرنس اور جرمنی کے رومن
کیتھولک کے نظریاتی مسائل میں نظریاتی ایشوز کے
رہنماؤں اور ایجنٹوں کے ساتھ تعاون میں. مصنف:
ڈاکٹر ہنس یورگ ہمینگر.

**مصنف** Dr. Hansjörg Hemminger

**ترجمہ** USG Übersetzungs-Service AG
3063 Ittigen (Schweiz)

**Evangelische Zentralstelle für Weltanschauungsfragen (EZW)**
Auguststraße 80 · 10117 Berlin
Tel. (030) 2 83 95-211· Fax (030) 2 83 95-212
E-Mail: info@ezw-berlin.de
www.ezw-berlin.de

**EZW-Spendenkonto**
Evangelische Bank eG · BIC GENODEF1EK1
IBAN DE37 5206 0410 0106 4028 10